تراث العلماء الحنفية
في
أصول الحديث وعلومه

الفية

علم اصول حدیث وعلوم حدیث میں علماء احناف
کی ایک ہزار (۱۰۰۰) تالیفات وتصنیفات

تالیف

شیخ الحدیث مولانا مفتی
نور محمد ثاقب الأفغانی الحنفی

مکتبۃ النور - پشاور

تُرَاثُ الْعُلَمَاءِ الْحَنَفِيَّةِ

فِي

اُصُولِ الْحَدِيْثِ وَعُلُومِهٖ

اَلْفِيَّةٌ

علمِ اصولِ حدیث و علومِ حدیث میں علماءِ احناف
کی ایک ہزار تالیفات و تصنیفات

تالیف
شیخ الحدیث مولانا مفتی
نور محمد ثاقب الافغانی الحنفی

مکتبۃ النور - پشاور

تُرَاثُ العُلَمَاءِ الحَنَفِيَّةِ
فِي
أُصُولِ الحَدِيثِ وَعُلُومِهِ

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں۔

تعارف کتاب

نام کتاب	:	تُرَاثُ الْعُلَمَاءِ الْحَنَفِيَّةِ فِي أُصُولِ الْحَدِيثِ وَعُلُومِهِ
تالیف	:	شیخ الحدیث مولانا مفتی نور محمد ثاقب رئیس تعلیم و تربیہ و تحصیلات عالیہ امارت اسلامی افغانستان و سابق قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) سپریم کورٹ آف افغانستان و رئیس دار الافتاء المرکزیہ افغانستان
کمپوزر	:	مولانا ابو الحسن شکیل احمد ترناوی
سال اشاعت	:	۱۴۳۹ھ ق / ۲۰۱۷ء / ۱۳۹۶ھ ش
محل اشاعت	:	پشاور - پاکستان
تعداد اشاعت	:	بائیس سو (۲۲۰۰)
ناشر	:	مَكْتَبَةُ النُّوْر - پشاور

ملنے کے پتے

- کتب خانہ رشیدیہ - صدف پلازہ محلہ جنگی پشاور - فون: ۰۹۱-۲۵۶۵۵۳۸
- مکتبہ فاروقیہ - محلہ جنگی پشاور - موبائل: ۰۳۰۰-۹۰۰۷۵۵۰
- مکتبہ رشیدیہ - سرکی روڈ کوئٹہ بلوچستان
  رابطہ نمبرز: ۰۸۱-۲۶۶۸۲۵۷/۰۸۱-۲۶۶۲۲۶۳/۰۳۰۰-۳۸۲۱۵۶۰
- مکتبہ محمدیہ - سلام مارکیٹ دکان نمبر ۱۴ بنوری ٹاؤن کراچی
  موبائل: ۰۳۳۳-۷۸۲۹۸۱۷

تُرَاثُ الْعُلَمَاءِ الْحَنَفِيَّةِ

فِي

اُصُولِ الْحَدِيْثِ وَعُلُومِهٖ

اَلْفِيَّةٌ

علمِ اصولِ حدیث و علومِ حدیث میں علماءِ احناف
کی ایک ہزار تالیفات و تصنیفات

تالیف
شیخ الحدیث مولانا مفتی
نور محمد ثاقب الافغانی الحنفی

مکتبۃ النور - پشاور

بسم الله الرحمن الرحيم

فہرست کتاب

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	عرضِ مؤلف	۱
۱	ہمارے بلاد میں علم اُصولِ حدیث میں بعض غیر احناف علماء کی کتابیں مشہور ہیں	۱
۲	علماء احناف نے اِس علم میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں	۲
۳	ہمارے حنفی مدارس میں غیر احناف کے اُصولِ حدیث کو پختہ کرا لیتے ہیں اور انہی اُصولوں کے تحت حدیث پڑھائے جاتے ہیں	۲
۴	ہمارے احناف اور شوافع وغیرہ کے اُصولِ حدیث میں چند فرق	۳
۵	اِس علم میں ایسا کام اِس انداز میں اس سے پہلے کسی نے نہیں کیا تھا	۴
۶	علماء احناف کی تالیفات وتصنیفات کی دستیابی اور جمع کرنے میں غیر معمولی تلاش وجستجو	
۷	علماء احناف کی ایک ہزار (۱۰۰۰) تالیفات وتصنیفاتِ جلیلہ ومعتبرہ	۴
۸	مذکورہ سلسلۂ تالیفات اِس کتاب کو تالیف کرنے سے پہلے شہرۂ آفاق ماہنامہ ''الحق'' اور مبارک سہ ماہی ''درر الفرید'' میں قسط وار شائع ہو چکا ہے	۵
۹	اِس سلسلہ کو مستقل کتابی شکل میں شائع کرنے کے بار بار پر زور مطالبے	۶
۱۰	کتاب کی تالیفی کیفیت	۷
	مقدمہ	۸
۱۱	اِس علم کے اسماء متعددہ، اور تعریف، موضوع اور غرض وغایت	۸

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	علم اُصولِ حدیث وعلومِ حدیث کی انواع واقسام	۱۲
۱۲	تمہید	۱۲
۱۳	ہم اِس علم کی ایک سو سات (۱۰۷) انواع کو چھ (۶) ابواب میں ذکر کرتے ہیں	۱۳
۱۴	الباب الأوّل فی علوم رُواة الحديث، و فيه فصلان	۱۳
۱۵	الفصل الأوّل فی العلوم المُعَرِّفة بِحال الرّاوی	۱۳
۱۶	الفصل الثّانی فی العلوم الّتی تُبَيِّنُ شخصَ الرّاوی، و فيه مبحثان	۱۴
۱۷	المبحث الأوّل فی علوم الرّواة التّاريخيّة	۱۴
۱۸	المبحث الثّانی فی علوم أسماء الرّواة	۱۴
۱۹	الباب الثّانی فی علوم رواية الحديث	۱۶
۲۰	الباب الثّالث فی علوم الحديث من حيث القبول والردّ، وفيه فصلان	۱۶
۲۱	الفصل الأوّل فی أنواع الحديث المقبول	۱۶
۲۲	الفصل الثانی فی أنواع الحديث المردود	۱۷
۲۳	الباب الرّابع فی علوم المتن، و فيه فصلان	۱۷
۲۴	الفصل الأوّل فی علوم المتن من حيث قائلهٖ	۱۷
۲۵	الفصل الثّانی فی علوم المتن من حيث درايتهٖ	۱۷
۲۶	الباب الخامس فی علوم السّند، و فيه فصلان	۱۸
۲۷	الفصل الأوّل فی علوم السّند من حيث الاتّصال	۱۸
۲۸	الفصل الثّانی فی علوم السّند من حيث الانقطاع	۱۸

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۹	الباب السّادس فی العلوم المشترکة بین السّند والمتن، وفیه ثلاثة فصول	۱۹
۳۰	الفصل الأوّل فی تفرّد الحدیث	۱۹
۳۱	الفصل الثّانی فی تعدّد رُواة الحدیث مع اتفاقهم	۱۹
۳۲	الفصل الثّالث فی اختلاف روایات الحدیث	۱۹
	علم اُصولِ حدیث وعلومِ حدیث میں علماء احناف کی تالیفات وتصنیفات	۲۱
۳۳	اُصولِ فقہ کی کتابوں کے مبحث ''سنّة الرّسول'' میں اُصولِ حدیث کا بیان	۲۱
۳۴	امام ابو جعفر الطحاوی کی کتب حدیث میں اُصولِ حدیث کا بیان، اور شرائط العمل بِأخبار الآحاد فی الأحکام	۲۲
۳۵	حضرات علماء احناف کی اِس علم میں بہت سی مستقل کتابیں ترتیب وار اجزاء کی شکل میں	۲۲
۳۶	الجزء الأوّل	۲۵
۳۷	الجزء الثّانی	۳۷
۳۸	الجزء الثّالث	۵۱
۳۹	الجزء الرّابع	۶۳
۴۰	الجزء الخامس	۷۹
۴۱	الجزء السّادس	۹۳
۴۲	الجزء السّابع	۱۰۷
۴۳	الجزء الثّامن	۱۲۳
۴۴	الجزء التّاسع	۱۳۹

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۴۵	الجزء العاشر	۱۵۳
۴۶	الجزء الحادی عشر	۱۷۱
۴۷	الجزء الثّانی عشر	۱۸۹
۴۸	الجزء الثّالث عشر	۲۰۷
۴۹	الجزء الرّابع عشر	۲۳۱
۵۰	الجزء الخامس عشر	۲۵۱
۵۱	الجزء السّادس عشر	۲۷۱
۵۲	الجزء السّابع عشر	۲۸۷
۵۳	الجزء الثّامن عشر	۳۰۳
۵۴	الجزء التّاسع عشر	۳۲۱
۵۵	الجزء العشرون	۳۳۹

عرضِ مؤلف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الّذی صَحَّحَ مَقْصدَنا و حَسَّنَ أعمالَنا، و لَطُفَ بِضعیفنا و حَمَّلَ مُنْقَطِعَنا، و أرْسَلَ أَلْطَافَه فاتَّصَلَتْ بِنا، و مَنَحَنَا نِعَمَه فَرَفَعَ بِها شَأْنَنا، واشْتَدَّ بِها بَأْسَنا و ما شَذَّ سَنَدَنَا، فَمَنْ وَقَفَ بِبابِهٖ لا یُعْضَل، و مَنْ تَمَسَّك بِسلسلة عِزِّهٖ فهو العزیزُ الّذی لا یُجْهَل، و مَنْ تَغَرَّبَ فی مَحبّتِه اشْتَهَرَ و عَنِ التَّدلیس انْفَصَل، و مَنْ تَعَلَّقَ بِعَنْعَنَة الإعتبار و الشَّواهد، مع المُتَابعات و الإندراج تحت القواعد، فَقَدْ عَاذَ بِاللّٰه مِنَ الْمُنْكَرِ و الإضْطِراب و العِلَل، و مِنْ مَقْلُوبِ الأعمال الی الوَضْعِ و الخَلَل، فَنَسْأله القَبُولَ فی القَوْلِ و العَمَل، و الصَّلٰوة و السَّلام علٰی سیِّدِنا مُحمّدٍ خیرِ مَبْعُوثٍ و أجَلّ، و علٰی اٰلِهٖ و أصحَابِه الَّذین رَفَعُوْا رَأیات الإسلام و بَلَغُوا الأمَل، صَلٰوة و سَلامًا دَائِمَینِ بِدَوَامِ الأزَل.

أمّابعد! بندہ نور محمد ثاقبؔ الافغانی الحنفی ابن الحاج سردار خان بن نادر بن میرحسن بن سید احمد بن نور احمد چاہتا ہے کہ اُصولِ حدیث کے سلسلۂ مضامین کے آغاز میں اِس علم میں حضرات علماء احناف کی تصانیف کا تذکرہ کرے۔

ہمارے بلاد میں علم اُصولِ حدیث میں بعض غیر احناف علماء کی کتابیں مشہور ہیں:

ہمارے بلاد میں اِس علم میں بعض غیر احناف علماء کی کتابیں مشہور ہیں جیسے حافظ ابن حجر رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''**شرح نخبة الفکر**''، ابن الصلاح رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''**علوم الحدیث**'' (جو مقدمہ ابن الصلاح کے نام سے مشہور ہے)، علامہ سیوطی رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''**تدریب الرّاوی شرح تقریب النّواوی**''، قاضی ابو

محمد رامہرمزی رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''المحدّث الفاصل بین الرّاوی و الواعی''، حاکم ابوعبداللہ نیشاپوری رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''معرفة علوم الحدیث''، خطیب بغدادی رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''الکفایة فی علم الرّوایة'' اور ''الجامع لأخلاق الرّاوی و آداب السّامع'' اور قاضی عیاض رَحِمَہُ اللّٰہُ کی ''اِلماع الیٰ معرفة أصول الرّوایة و تقیید السّماع'' وغیرہ، تو اِس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ حضرات علماء احناف کی اِس علم میں کتابیں موجود نہیں ہوں گی یا بہت ہی کم ہوں گی۔ ہر گز نہیں! بلکہ احناف کا اِس علم میں بہت بڑا حصہ ہے۔

علماء احناف نے اِس علم میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں:

انہوں نے اِس علم میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن کا ذکر آئندہ ''علم اُصولِ حدیث میں علماء احناف کی تالیفات وتصنیفات'' کے عنوان کے تحت بڑی بسط وتفصیل کے ساتھ آئے گا۔

ہمارے حنفی مدارس میں غیر احناف کے اُصولِ حدیث کو پختہ کرالیتے ہیں اور انہی اُصولوں کے تحت حدیث پڑھائے جاتے ہیں:

ہمارے حنفی مدارس میں جب شرح نخبة الفکر اور تدریب الرّاوی بطورِ اُصولِ حدیث کے پڑھائی جاتی ہیں تو اساتذہ وطلبہ کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو جاتی ہے کہ بس یہی ہیں اُصولِ حدیث، حالانکہ احناف کے اُصولِ حدیث وہ ہیں جو اُنہوں نے اُصولِ فقہ کے ''باب السُّنّة'' میں پڑھے ہیں، جبکہ شرح نخبہ وتدریب میں شوافع کے اُصولِ حدیث ہیں۔ لیکن ہمارے اساتذہ وطلبہ شافعی اُصولوں کو ہی اُصولِ حدیث کے طور پر پختہ کر لیتے ہیں اور پڑھاتے وقت انہی اُصولوں کے تحت حدیث پڑھاتے ہیں۔

ہمارے احناف اور شوافع وغیرہ کے اُصولِ حدیث میں چند فرق:

مثال کے طور پر احناف کے اُصولِ حدیث کے مطابق اِرسال و تدلیس جرح موجب ضعف نہیں، لیکن آج حنفی اساتذۂ حدیث بھی مخالفین کی طرف سے ارسال و تدلیس کے اعتراض سن کر مرعوب ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ جب حنفیہ کے ہاں ارسال و تدلیس موجب ضعف ہی نہیں تو یہ اعتراض ہم پر ہو ہی نہیں سکتا۔

اسی طرح حنفیہ کے نزدیک مجتہد کا حدیث سے احتجاج اس حدیث کی تصحیح ہے۔ تو اَب اعتراض نہیں کیا جاسکتا کہ فلاں محدث نے اس کو ضعیف کہا ہے زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا کہ اس محدث کے نزدیک وہ حدیث ضعیف ہے مگر مجتہد کے نزدیک صحیح ہے اور بعض دفعہ ایک حدیث کے ضعف و صحت میں محدثین کے درمیان بھی اختلاف ہو جاتا ہے، اِس لئے ہمیں اس محدث کی تضعیف کی وجہ سے اس حدیث کو چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔

اسی طرح بعض دفعہ راوی حدیث صحابی کا فتویٰ اپنی روایت حدیث کے خلاف ہوتا ہے، ہم جب فتویٰ پیش کرتے ہیں تو اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ فتویٰ اس صحابی کی اپنی بیان کردہ حدیث مرفوع کے خلاف ہے لہذا یہ معتبر نہیں۔ حالانکہ حنفیہ کے اُصول کے مطابق صحابی کا اپنی بیان کردہ حدیث کے خلاف فتویٰ اس حدیث کے مؤول یا منسوخ یا موضوع ہونے کی دلیل ہے۔

شافعیہ کے نزدیک لفظ سنت مرفوعِ حکمی کی دلیل ہے جبکہ حنفیہ کے نزدیک سنت کا لفظ سنت رسول اور سنت صحابہ دونوں پر بولا جاتا ہے۔ (طحاوی)

حنفیہ کے اُصولِ حدیث کے مطابق حدیث پر عملی تواتر صحتِ حدیث کی بہت بڑی دلیل ہے، اگر ایک حدیث سنداً ضعیف ہو مگر اس پر عملی تواتر ہو تو وہ حدیث متواتر شمار ہوتی ہے اور حدیث متواتر کے ثبوت کے لئے سند کی ضرورت ہی نہیں ہوتی، نہ وہ سند کی محتاج ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ فقہاء نے کتب فقہ میں اسناد لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی کیونکہ ان احادیث کی بنیاد تواتر پر ہے، لیکن جب

عملی تواتر کے باوجود اس حدیث کی سند پر اعتراض ہوتا ہے تو ہمارا حنفی عالم اپنے اُصولِ حدیث کے خلاف رُواۃ کی بحثوں میں اُلجھ جاتا ہے۔

اسی طرح حنفیہ کے نزدیک لفظ السُّنّۃ، سنت رسول اور سنت صحابہ دونوں کو شامل ہوتا ہے پھر قرائن کے ساتھ سنت رسول یا سنت صحابہ کی تعیین ہوتی ہے جبکہ شافعیہ کے نزدیک مطلقاً سنت سے سنت رسول مراد ہوتی ہے۔

حنفیہ کے نزدیک جب حدیث ضعیف کی آثارِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ تائید ہو جائے تو وہ حدیث حجت اور قوی ہو جاتی ہے جبکہ شافعیہ اور غیر مقلدین آثارِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی بجائے اقوالِ محدثین کو معیار بنا کر بوجہ ضعف سند اس حدیث کو رد کر دیتے ہیں۔

اِس علم میں ایسا کام اِس انداز میں اس سے پہلے کسی نے نہیں کیا تھا:

اِس علم میں ایسا کام (کہ علماء احناف کی سینکڑوں بلکہ پورے ایک ہزار کی تعداد میں تالیفات و تصنیفات بہت اہتمام کے ساتھ جمع کی جائیں) اِس سے پہلے اِس انداز میں کسی نے نہیں کیا تھا۔ تو اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کی توفیق و اعانت کے ساتھ بندہ نے اِس پر کام شروع کیا۔ کام بہت دقت نظری اور باریک بینی کے ساتھ انجام دیا گیا ہے۔ یقینی، معتبر اور قوی مدارک و مآخذ پر اعتماد کیا گیا ہے اور مشکوک و ضعیف مدارک و مآخذ کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

میں نے اس علم میں علماء احناف کی تالیفات و تصنیفات کو انتھک محنت و مشقت اور بڑی جستجو کے ساتھ دستیاب کر کے جمع کیں۔

علماء احناف کی تالیفات و تصنیفات کی دستیابی اور جمع کرنے میں غیر معمولی تلاش و جستجو:

بحمد اللہ میں نے اپنی قوت و طاقت اس علم میں علماء احناف کی کتابوں سے مطلع ہونے پر پوری طرح صرف کی۔ ورق گردانی، مظان اور غیر مظان سے کتاب معلوم کرنے میں کبھی کوتاہی نہیں

کی۔ کبھی میں ایک کتاب کی تلاش میں گھڑیاں ہی نہیں کئی کئی دن رات گزار دیتا اور اس کے لئے معاجم، فہارس، تراجم اور رجال کی ایک ایک کتاب کی مجلدات پڑھتا، اور جب مجھے اپنی متاعِ گم گشتہ مل جاتی تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہتا۔

علماء احناف کی ایک ہزار (۱۰۰۰) تالیفات وتصنیفاتِ جلیلہ و معتبرہ:

بڑی محنت کے بعد اللہ تعالیٰ کے بے پایان لطف و مرحمت سے حضرات علماء احناف کی ایک ہزار (۱۰۰۰) تالیفات وتصنیفاتِ جلیلہ و معتبرہ کا تذکرہ قلم بند کیا جاچکا ہے، جو کہ اِس علم کے ساتھ ہمارے علماء احناف کی پوری دلچسپی، لگاؤ اور اِس میں اُن کی علمی گہرائی کا واضح اور بین ثبوت ہے اور یہ اِس علم میں علماء احناف پر اعتماد کرنے کے بھرپور دلائل ہیں اور اس کے ساتھ یہ ایک بہت بڑا علمی ذخیرہ ہے۔

اور ہم نے یہ کام بہت یقظت اور بیداری سے انجام دیا ہے کہ اِس کثرتِ عدد کے باوجود (کہ ایک ہزار کتابیں ذکر کی گئی ہیں) پھر بھی کسی ایک جگہ میں تکرار نہیں آئی یعنی ایک کتاب بھی ان میں دوبار ذکر نہیں کی گئی ہے۔

قابل یادآوری ہے کہ مذکورہ کتابوں میں سے بہت سی کتابیں بفضلہٖ تعالیٰ بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہیں۔

مذکورہ سلسلۂ تالیفات اِس کتاب کو تالیف کرنے سے پہلے شہرۂ آفاق ماہنامہ ''الحق'' اور مبارک سہ ماہی ''درر الفرید'' میں قسط وار شائع ہو چکا ہے:

یادرہے کہ مذکورہ سلسلۂ تالیفات اِس کتاب کو تالیف کرنے سے قبل عالم اسلام کی عظیم دینی وعلمی درسگاہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے شہرۂ آفاق، موقر ماہنامہ ''الحق'' میں، اور اسی طرح پاکستان کے مشہور علمی وروحانی مرکز دارالعلوم صدیقیہ زروبی، صوابی کے مبارک، موقر سہ ماہی

"درر الفرید" میں قسط وار "علم اُصولِ حدیث میں علماء احناف کی تالیفات وتصنیفات" کے عنوان سے سہ ماہی درر الفرید میں جلد: ۱۴ شمارہ: ۱، شوال تا ذوالحجہ ۱۴۳۳ھ / ستمبر تا نومبر ۲۰۱۲ء سے لے کر جلد: ۱۹ شمارہ: ۴، رمضان تا ذوالحجہ ۱۴۳۹ھ / جون تا اگست ۲۰۱۸ء تک، اور ماہنامہ الحق میں جلد: ۴۸ شمارہ: ۳، ۲ محرم، صفر ۱۴۳۴ھ / نومبر، دسمبر ۲۰۱۲ء سے لے کر جلد: ۵۴ شمارہ: ۸، رمضان ۱۴۴۰ھ / مئی ۲۰۱۹ء تک بیس (۲۰) قسطوں میں، جس کے ہر قسط میں پچاس پچاس کتابیں بالترتیب درج ہیں، شائع ہو چکا ہے (جس کی بنا پر ہم ان کے انتہائی شکر گزار ہیں)

اوراس سلسلے نے اہل علم سے دادِ تحسین حاصل کیا ہے۔ چنانچہ دوسری تاثرات کے علاوہ ماہنامہ "الحق" میں بھی بعض علماء کرام نے اپنے تبصرے اور تاثرات بھیج کر شائع کرائی ہیں۔ **فالحمد لِلّٰہِ علیٰ ذٰلك۔**

اِس سلسلہ کو مستقل کتابی شکل میں شائع کرنے کے بار بار پر زور مطالبے:

مذکورہ سلسلہ کے قارئین علماء کرام کی طرف سے بار بار یہ پر زور مطالبہ ہو رہا تھا کہ اِس سلسلہ کو مستقل کتابی صورت میں شائع کرنے کا اہتمام کیا جائے، خصوصاً مادر علمی جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب دامت برکاتہم اور دارالعلوم صدیقیہ زروبی کے مہتمم حضرت مولانا خواجہ حافظ حسین احمد صدیقی صاحب مدظلہ العالی نے ۷/ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ مطابق ۶/ مئی ۲۰۱۴ء کو ایک ملاقات کے موقع پر اِن علمی جواہر پاروں کی تحسین فرمائی اور بندہ کو یہ یاد دہانی اور تاکید کی کہ اِس سلسلہ کے مکمل ہونے کے بعد ضرور اسے مستقل کتابی شکل میں شائع کیا جانا چاہیے۔ اسی طرح نوجوان محقق فاضل حضرت مولانا مفتی محمد سجاد الحجابی صاحب حفظہ اللہ نے ۱۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۷ھ مطابق ۲۳/ مارچ ۲۰۱۶ء کو ایک ملاقات کے دوران بندہ کا بہت شکریہ ادا کیا اور اِس کام کو دوام بخشنے کے مطالبہ کے ساتھ اسے کتابی شکل دینے کی پر زور خواہش ظاہر

فرمائی۔ نیز افغانستان کی علمی و روحانی شخصیت شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الرشید شینواری صاحب دامت برکاتہم نے بھی ۸ / محرم الحرام ۱۴۳۸ھ مطابق ۹ / اکتوبر ۲۰۱۶ء کو حکیم آباد نوشہرہ میں ایک اجتماع میں اس سلسلہ کو بہت سراہا اور اُنہوں نے بھی بندہ سے یہی مطالبہ کیا کہ کتابی شکل میں اِس کو لانے کا اہتمام کیا جائے۔ بہر حال بہت سے پاکستانی اور افغانی شیوخ اور علماء کرام کی طرف سے بار بار استدعا کی جاتی رہی اور یہ اِس سلسلہ کو کتابی صورت دینے کا باعث بنا۔

کتاب کی تالیفی کیفیت:

چنانچہ اَب ہم اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اسے بہترین ترتیب، مفید اضافات اور ضروری تفصیلات کے ساتھ کتابی شکل میں بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں، جس میں ہر کتاب کی خود بندہ کے پاس موجودگی و دستیابی یا اِس عالم دنیا میں اُن کی موجودگی کے ٹھوس اور معتبر حوالہ جات اور مآخذ و مراجع ہر صفحہ پر تحت السطر تعلیقات کے طور پر ساتھ ساتھ ذکر کئے گئے ہیں۔

راقم الحروف کی طرف سے ان شاء اللہ تعالیٰ اِس کتاب کی پشتو، فارسی اور عربی زبانوں میں بھی شائع کرنے کا مصمم ارادہ ہے تاکہ دیگر زبانوں والے بھی اِس علمی ذخیرہ سے اچھی طرح مطلع ہو کر فیض یاب ہو جائیں۔

وَاللّٰہَ اَسْأَلُ مِنْ فَضْلِہِ الکریم اَنْ یَّمُنَ عَلیَّ بِالإِخلاص وَ السّداد وَ القَبُول، اِنَّہ کریمٌ جواد.

نور محمد ثاقب

تحریراً فی یوم الجمعة ۹/ محرم الحرام ۱۴۳۹ھ

مقدمہ

اِس علم کے اسماء متعددہ، مع بیانِ تعریف، موضوع اور غرض وغایت:

علم اُصولِ حدیث، جسے علوم الحدیث، علم مصطلح الحدیث، علم درایۃ الحدیث، اور علم الاسناد بھی کہتے ہیں۔ حافظ ابن حجر رَحِمَهُ اللَّهُ نے اِس علم کی جامع اور مختصر تعریف یوں فرمائی ہے:

معرفة القواعد المُعرِّفة بحال الرّاوی و المرویّ۔ یعنی یہ اُن قواعد و اُصول کا جاننا ہے جس کے ذریعے سے رُواۃ اور روایات کے احوال پہچانے اور پرکھے جاسکیں۔

اِسی تعریف کو علامہ سیوطی رَحِمَهُ اللَّهُ نے اپنے الفیہ میں اِس طرح بیان کیا ہے:

علم الحديث ذو قوانين تُحَدّ — يُدرٰى بها أحوالُ متنٍ و سند

فذانك الموضوع و المقصود — أن يُعرَف المقبول و المردود

اِن دو اشعار کے اندر علم اُصولِ حدیث کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تینوں چیزیں آگئیں، یعنی علم اُصولِ حدیث اُن چند قوانین کا نام ہے جن سے حدیث کی سند اور متن کے احوال معلوم ہوں جو کہ صحت، حسن، ضعف، رفع، وقف، قطع، علوّ، نزول، کیفیتِ تحمل و ادا، اور رجال کی صفات وغیرہ ہیں، اور یہی دو چیزیں یعنی متن و سند اِس علم کا موضوع ہے۔ اور غرض اِس علم کی یہ ہے کہ مقبول اور مردود روایات کی معرفت حاصل ہو جائے کہ کون سی حدیث مقبول و قابل استدلال ہے اور کونسی غیر مقبول و غیر معتبر ہے۔

أصول الحديث: و يسمّٰى أيضًا (علوم الحديث) و (مصطلح الحديث) و علم (دراية الحديث) و علم (الإسناد) و هو مجموعة القواعد العامّة الّتى يعرف بها صحيح الحديث من سقيمه، و مقبوله من مردوده، ذلك بمعرفة أحوال الحديث سندًا و متنًا، لفظًا و معنًى، و ما يتبع ذلك من كيفيّة تحمّل الحديث و كتابته و آداب

رُواتهٖ و طالبيه. (الموسوعة الفقهيّة.الكويت.جلد ۵ صفحة ۶۱)

علم أصول الحديث: علم يتوصّل بهٖ الٰى معرفة صحاح الأحاديث و حسانها و ضعافها متنًا وّ اِسنادًا، و تمييزها عن خلافها، و يوضحه أنّ كلًّا من تلك المعرفة و التّمييز مبنىّ علٰى معرفة أحوال الرُّواة من العدالة و الضّبط و عدمهما و بيْن بيْن، و هى انّما تحصل من علم الجرح و التّعديل، و علٰى معرفة الاتصال و عدمهٖ، و هى انّما تحصل من العلم بِتأريخ وفيات الرُّواة و ولادتهم و أمثال ذلك، و كلّ منها داخل فى علم أصول الحديث.

(مقدّمة التّحقيق لشرح فنّ أصول مصطلح الحديث ص ۲۷)

قال الشّيح العلّامة عبدالفتّاح أبوغُدّة: علم مصطلح الحديث:

الاسناد، و تأريخ الرّواة و وَفَياتُهم، و نقد الرُّواة و بيانُ حالهم من تزكية أو جرح، و سَبْرُ متن الحديث و معناه، و علمُ الجرح و التّعديل، و علم عِلَل الحديث، هى شُعَب كبرٰى من "علم مصطلح الحديث " فهو المَقْسِم العام، و تلك أقسام منه.

و ذلك أنّ "علم مصطلح الحديث " هو مجموع القواعد و المباحث الحديثيّة، المتعلّقة بِالاسناد و المتن أو بالرّاوى و المروى حتّٰى تُقْبَلَ الرّواية أو تُرَدُّ، الّتى بدأ تأسيسها فى منتصف القرن الأوّل لِلهجرة، حتّٰى تكاملت و نَضِجَتْ و احتَرَقَتْ فى أواخر القرن التّاسع، لِحفظ حديث سيّدنا رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من الدّسّ و التّزوير، و الخطأ و التّغيير، و هى تتّصل بِضبط الحديث سندًا وّ متنًا، و بيان حال الرّاوى و المروى، و معرفة المقبول و المردود، و الصّحيح و الضّعيف، و النّاسخ و المنسوخ. .. و ما تفرّع عن ذلك كلّهٖ من الفنون الحديثيّة الكثيرة. و كلّ ذلك يُسمّٰى "علم مصطلح الحديث "، أو "علم أصول الحديث "، أو "علم المصطلح " اختصارًا. (لمحات من تأريخ السّنّة و علوم الحديث ص ۱۹۸)

و أيضًا قال الشّيخ العلّامة أبوغُدّة نقلًا عن الشّيخ سليمان النّدوى رَحِمَهُ اللَّهُ : أصول الحديث: و لمّا كانت الأحاديث أخبارًا، وجب أن نستعمل - فى نقدها و تمييز الصّحيح من غيرهٖ - أصول النّقد الّتى نستعملها فى سائر الرّوايات و الأخبار الّتى تبلغنا، أعنى اذا سمعنا خبرًا فما ذا نعمل؟ ننظر أوّلًا فى حال الرّاوى الّذى سمعنا منه الخبر، هل هو ممّن يعوَّل علٰى روايتهٖ أم لا، ثمّ ننظر فى حال من روٰى عنه هذا الرّجل و هكذا الٰى أن تنتهى الوسائط. ثمّ نتحقّق هل الرّاوىّ الأعلٰى كان حاضراً الواقعة أم لا، و هل كان بِامكانهٖ فهمها و حفظها؟ ثمّ ننظر فى الأمر المروى هل يلائم أحوال الرّجل الّذى نسب اليه، و هل يمكن وقوعه فى ذلك العصر و المحيط أم لا؟ فهذه القواعد و أشباهها استعملها المحدّثون فى نقد الأحاديث و سَمَّوْها " أصول الحديث "، و بِذلك ميّزوا الأحاديث الصّحيحة من غيرها.

(لمحات من تأريخ السُّنّة و علوم الحديث ص ۲۰۰)

أمّا تسمية هٰذا العلم بِعلم أصول الحديث لأنّه علمٌ جامعٌ لِقواعد الحديث و أصولهٖ.

و تسميتُه بِعلم مصطلح الحديث لكون أصولهٖ و قواعدهٖ تغلب عليها الاصطلاحات الفنّية. و تسميتُه بِعلم دراية الحديث لِيكون مقابلًا لِعلم رواية الحديث.

و تسميتُه بِعلوم الحديث لكون هذا العلم خلاصة علومٍ متعدّدة و معارفَ متنوّعة مستقلّة فى موضوعها، و غايتها، و منهجها؛ اتّجه كلّ عالمٍ فى نشأتها الأولٰى الٰى ناحية واحدة منها، فكَثُرتِ العلومُ و انشعبتْ، و انطوتْ جميعًا تحت اسمٍ واحدٍ و هو " علوم الحديث "

فهذه الأربعة كلّها أسماء لِمسمًّى واحدٍ، أعنى المباحث الّتى تدور حول الرّواية و الرّاوى و المتون و الأسانيد من حيث القبول و الردّ.

(مقدّمة مِنْحَة المُغِيث شرح أَلْفِيّة العراقى فى الحديث ص ۳۰)

علم الحديث دراية: لقد كانت المباحث المتعلِّقة بِعلم الحديث دراية أنواعًا مختلفة فى نشأتها الأولٰى، و كانت - علٰى كثرتها - مستقلّة فى موضوعها و غايتها و منهجها. حتّٰى اذا شاع التّدوين و كثر التّصنيف اتّجه كلّ عالم الٰى ناحية، فكثرت العلوم و انطوت جميعًا تحت اسم واحد هو " علوم الحديث "

(علوم الحديث و مُصْطَلحُه لِلدّكتور صبحى الصّالح ص ۱۰۷)

و قد أطلق علماء الحديث علٰى علم الحديث دراية اسم " علوم الحديث " و اسم " مصطلح الحديث " و اسم " أصول الحديث " و كلّها أسماء لِمسمًّى واحدٍ و هو مجموعة القواعد و المسائل الّتى يعرف بها حال الرّاوى و المروى من حيث القبول و الرّدّ، و تناولوا تحت تلك الأسماء أقسام الحديث الصحيح و الحسن و الضعيف، و طرق التّحمّل و الأداء، و الجرح و التّعديل و غير ذلك.

و الحقّ أنّ الدّراية أعمّ من معرفة القواعد و القوانين المعرِّفة بِأحوال الرّاوى و المروى من حيث القبول و الرّدّ. فمعظّم المحدّثين المتقدّمين و المتأخرين يطلقونها علٰى ذلك و علٰى فهم المروى، و استخراج معانيه و أحكامه، لِهذا لَامَ بعضُ المحدّثين طلّابَ الحديث لِاقتصارهم على الحفظ و الكتابة و جمع طرق الأحاديث، من غير أن ينظروا كما نظر السّلف فى حال الرّاوى و المروى و استنباط ما فى السُّنن من الأحكام.

و اذا رأى بعضهم أنّ استنباط الأحكام خاصٌّ بِالفقيه، و أنّ وظيفة المحدّث أن يّروى ما سمعه من الأحاديث كما سمعه - فقد رأوا فى فهمهٖ لِما يرويه و درايتهٖ لِما يحمل - زيادة فى الفضل و كمالًا فى الاختيار. (أصول الحديث: علومه و مصطلحه لِلدّكتورمحمّد عجاج الخطيب الأستاذ فى كلية الشّريعة بِجامعة دمشق ص ۷)

علم اُصولِ حدیث وعلومِ حدیث کی انواع واقسام:

اَب '' اُصولِ حدیث '' یا بالفاظِ دیگر '' علومِ حدیث '' کی انواع واقسام کو ترتیب وتہذیب کے ساتھ ذکر کرتے ہیں، اور یہ انواع واقسام اس لئے ذکر کرتے ہیں کہ قارئین کرام کو اچھی طرح معلوم ہو جائے کہ اِس کتاب میں ذکر کئے جانے والے علماء احناف کی ایک ہزار (۱۰۰۰) کتابیں سب اسی علم میں تحریر کی گئی ہیں، کیونکہ مذکورہ کتابیں یا تو تمام انواع پر مشتمل ہوتی ہیں، یا کئی انواع پر مشتمل اور اِس میں لکھی گئی ہیں، یا کم از کم انہی انواع میں سے کسی نوع سے متعلق اور اس میں لکھی گئی ہوتی ہیں۔

تمہید:

جاننا چاہئے کہ علوم حدیث کے انواع بے شمار ہیں۔ امام حازمی رَحِمَہُ اللّٰہُ نے اپنی کتاب '' **العجالة** '' میں فرمایا ہے کہ علم حدیث بہت سے انواع پر مشتمل ہے جو کہ سو (۱۰۰) تک پہنچتے ہیں۔ اِن میں سے ہر نوع ایک مستقل علم ہے، اگر حدیث کا طالب علم اس میں اپنی ساری عمر بھی صرف کر دے تو اس کی تہہ تک نہیں پہنچ سکتا۔

امام حاکم ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حافظ نیشاپوری رَحِمَہُ اللّٰہُ نے اپنی کتاب '' **معرفة علوم الحديث** '' میں اِن میں سے باون (۵۲) انواع ذکر کئے ہیں۔ اور حافظ ابو عمرو عثمان بن عبد الرحمٰن شہر زوری معروف بہ ابن الصلاح رَحِمَہُ اللّٰہُ نے اپنی کتاب '' **علوم الحديث** '' میں ان میں سے پینسٹھ (۶۵) انواع ذکر کئے ہیں اور فرمایا ہے: **و ليس ذٰلك بآخر الممكن فى ذٰلك فانّه قابل لِلتنويع الىٰ ما لا يُحصٰى، اذ لا تُحصٰى أحوال رُواة الحديث و صفاتهم و لا أحوال متون الحديث و صفاتها، و ما من حالة مّنها و لا صفة الّا و هى بصدد أن تفرد بالذكر و أهلها، فاذا هى نوع علىٰ حياله آه**

اور امام نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ نے بھی اپنی کتاب '' **التقريب و التيسير لِمعرفة سنن البشير النذير** ''

میں ان میں سے پینسٹھ (۶۵) انواع ذکر کئے ہیں تبعًا لابن الصّلاح

اور امام سیوطی رَحِمَہُ اللّٰہُ نے اپنی کتاب ''تدریب الرّاوی شرح تقریب النواوی'' میں اِن میں سے ترانوے (۹۳) انواع ذکر کئے ہیں جن میں پینسٹھ (۶۵) تو وہ ہیں جنہیں امام نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ نے ذکر کیا ہے اور باقی انواع امام سیوطی رَحِمَہُ اللّٰہُ نے اپنی کتاب کے آخر میں بڑھائے ہیں۔

مذکورہ کتابوں میں علوم الحدیث کی یہ انواع ایک تو نسبتاً کم ہیں اور پھر بعض کی تو تہذیب نہیں کی گئی ہے اور بعض میں مناسب ترتیب موجود نہیں ہے۔

ہم اِس علم کی ایک سو سات (۱۰۷) انواع کو چھ (۶) ابواب میں ذکر کرتے ہیں:

ہم اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ایک سو سات (۱۰۷) انواع ذکر کریں گے، جو اِس کثرت کے ساتھ اس میں کمالِ تہذیب اور مناسب ترتیب موجود ہو گی۔

پس ہم اپنے مقصود کو مندرجہ ذیل چھ (۶) ابواب میں بیان کرتے ہیں:

﴿ الباب الأوّل فی علوم رُواة الحدیث ﴾

(الفصل الأوّل فی العلوم المُعَرِّفة بِحال الرّاوی)

النّوع الأوّل(۱) معرفة صفة من تُقبل روایته و من تُردّ.

النّوع الثّانی (۲) علم الجرح و التّعدیل.

النّوع الثّالث (۳) معرفة الصّحابة رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ .

النّوع الرّابع (۴) معرفة من أسند عنه من الصّحابة الّذین ماتوا فی حیاة رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه و سلّم.

النّوع الخامس (۵) معرفة الثّقات و الضّعفاء من الرّواة.

النّوع السّادس (۶) معرفة من اختلط فی آخر عمرہٖ من الثّقات.

النّوع السّابع (٧) معرفة الحفّاظ، و ذكر جماعة من الأمصار لهم حفظٌ و فقه، و بيان ما اختصّ بهٖ كلٌّ منهم من ناحية العلم.

النّوع الثّامن (٨) معرفة الوُحْدَان أى معرفة مَنْ لم يرو عنهم الّا راوٍ واحد.

النّوع التّاسع (٩) معرفة مَنْ لم يرو الّا حديثًا واحدًا.

النّوع العاشر (١٠) معرفة المُدَلِّسين.

(الفصل الثّانى فى العلوم الّتى تُبيِّنُ شخصَ الرّاوى)

(المبحث الأوّل فى علوم الرّواة التّاريخيّة)

النّوع الحادى عشر (١١) معرفة تواريخ الرّواة فى الوَفَيات و غيرها.

النّوع الثّانى عشر (١٢) معرفة طبقات الرّواة.

النّوع الثّالث عشر (١٣) معرفة التّابعين و المُخَضْرَمِين.

النّوع الرّابع عشر (١٤) معرفة ما رواه الصّحابة عن التّابعين عن الصّحابة.

النّوع الخامس عشر (١٥) معرفة أتباع التّابعين.

النّوع السّادس عشر (١٦) معرفة الإخْوة و الأخَوَات من العلماء و الرّواة.

النّوع السّابع عشر (١٧) معرفة المُدَبَّجِ و ما سواه من رواية الأقران.

النّوع الثّامن عشر (١٨) معرفة الأكابر الرّواة عن الأصاغر.

النّوع التّاسع عشر (١٩) معرفة السّابق و اللّاحق.

النّوع العشرون (٢٠) معرفة رواية الآباء عن الأبناء.

النّوع الحادى و العشرون (٢١) عكسُ ذٰلك: معرفة رواية الأبناء عن الآباء.

(المبحث الثّانى فى علوم أسماء الرّواة)

النّوع الثّانى و العشرون (٢٢) معرفة المُبْهَمات.

النّوع الثّالث و العشرون (٢٣) معرفة مَنْ ذكر بِأسماء مختلفة أو نعوتٍ متعدّدة.

النّوع الرّابع و العشرون (٢٤) معرفة الأسماء و الكُنٰى.

النّوع الخامس و العشرون (٢٥) معرفة كُنى المعروفين بِالأسماء دون الكُنٰى.

النّوع السّادس و العشرون (٢٦) معرفة مَنْ وافقت كنيتُه اسمَ أبيه.

النّوع السّابع و العشرون (٢٧) عكسُ ذٰلك: مَنْ وافق اسمُه كنية أبيه.

النّوع الثّامن و العشرون (٢٨) معرفة من وافقت كنيتُه كنية زوجتِه.

النّوع التّاسع و العشرون (٢٩) معرفة من وافق اسمُ شيخِه اسمَ أبيه.

النّوع الثّلاثون (٣٠) معرفة من اتفق اسمُه و اسمُ أبيه و جدّه - و قد يتفق الاسم و اسم الأب مع اسم الجدّ و اسم أبيه فصاعدًا.

النّوع الحادى و الثّلاثون (٣١) معرفة من اتفق اسمه و اسمُ شيخِه و شيخ شيخِه فصاعدًا - و قد يقع ذٰلك الاتفاق لِلرّاوى و لِشيخِه معًا.

النّوع الثّانى و الثّلاثون (٣٢) معرفة من اتفق اسمُ شيخِه و الرّاوى عنه.

النّوع الثّالث و الثّلاثون (٣٣) معرفة من اتفق اسمُه و كنيتُه.

النّوع الرّابع و الثّلاثون (٣٤) معرفة ألقاب المحدِّثين.

النّوع الخامس و الثّلاثون (٣٥) معرفة أنساب المحدِّثين.

النّوع السّادس و الثّلاثون (٣٦) معرفة المنسوبين الىٰ غير آبائهم.

النّوع السّابع و الثّلاثون (٣٧) معرفة النّسب الّتى باطنها علىٰ خلاف ظاهرها.

النّوع الثّامن و الثّلاثون (٣٨) معرفة من وافق اسمُه نسبَه.

النّوع التّاسع و الثّلاثون (٣٩) معرفة الأسماء الّتى يشترك فيها الرّجال و النّساء - و بيان قسمى هٰذا النّوع.

النّوع الأربعون (٤٠) معرفة الموالى من الرّواة و العلماء.

النّوع الحادى و الأربعون (٤١) معرفة أوطان الرّواة و بُلدانهم.

النّوع الثّانى و الأربعون (٤٢) معرفة الأسماء المفردة من الرّواة، و الكُنٰى و الألقاب.

النّوع الثّالث و الأربعون (٤٣) معرفة المُتَّفِق و المُفْتَرِق من الأسماء و الأنساب و نحوها.

النّوع الرّابع و الأربعون (٤٤) معرفة المُؤْتَلِف و المُخْتَلِف من الأسماء و الأنساب و ما يلتحق بها.

النّوع الخامس و الأربعون (٤٥) معرفة المتشابِه.

النّوع السّادس و الأربعون (٤٦) معرفة المشتبه المقلوب.

﴿ الباب الثّانى فى علوم رواية الحديث ﴾

النّوع السّابع و الأربعون (٤٧) معرفة آداب طالب الحديث.

النّوع الثّامن و الأربعون (٤٨) معرفة آداب المحدِّث.

النّوع التّاسع و الأربعون (٤٩) معرفة كيفيّة سماع الحديث و تحمّله.

النّوع الخمسون (٥٠) معرفة صفة رواية الحديث.

النّوع الحادى و الخمسون (٥١) معرفة كتابة الحديث.

﴿ الباب الثّالث فى علوم الحديث من حيث القبول و الردّ ﴾

(الفصل الأوّل فى أنواع الحديث المقبول)

النّوع الثّانى و الخمسون (٥٢) معرفة الحديث الصّحيح.

النّوع الثّالث و الخمسون (٥٣) معرفة الحديث الحسن.

النّوع الرّابع و الخمسون (٥٤) معرفة الصّحيح لِغيرِهِ.

النّوع الخامس و الخمسون (٥٥) معرفة الحسن لِغيرِهِ.

(الفصل الثّانى فى أنواع الحديث المردود)

النّوع السّادس و الخمسون (٥٦) معرفة الضّعيف.

النّوع السّابع و الخمسون (٥٧) معرفة المضعَّف.

النّوع الثّامن و الخمسون (٥٨) معرفة المتروك.

النّوع التّاسع و الخمسون (٥٩) معرفة المطروح.

النّوع السّتّون (٦٠) معرفة الحديث الموضوع.

﴿ الباب الرّابع فى علوم المتن ﴾

(الفصل الأوّل فى علوم المتن من حيث قائله)

النّوع الحادى و السّتّون (٦١) معرفة الحديث القدسى.

النّوع الثّانى و السّتّون (٦٢) معرفة الحديث المرفوع.

النّوع الثّالث و السّتّون (٦٣) معرفة الموقوف.

النّوع الرّابع و السّتّون (٦٤) معرفة المقطوع (و هو غير المنقطع).

(الفصل الثّانى فى علوم المتن من حيث درايتِهِ)

النّوع الخامس و السّتّون (٦٥) معرفة غريب الحديث.

النّوع السّادس و السّتّون (٦٦) معرفة أسباب ورود الحديث.

النّوع السّابع و السّتّون (٦٧) معرفة ناسخ الحديث و منسوخِهِ.

النّوع الثّامن و السّتّون (٦٨) معرفة تواريخ المتون (و منه معرفة الأوائل).

النّوع التّاسع و السّتّون (٦٩) معرفة مُخْتَلِفِ الحديث (و ربما سمّاه المحدّثون

"مشكل الحديث ").

النّوع السّبعون (٧٠) معرفة محكم الحديث.

النّوع الحادى و السّبعون (٧١) معرفة فقه الحديث.

النّوع الثّانى و السّبعون (٧٢) معرفة الحديث المتوقَّف فيه.

﴿ الباب الخامس فى علوم السّند ﴾

(الفصل الأوّل فى علوم السّند من حيث الاتّصال)

النّوع الثّالث و السّبعون (٧٣) معرفة المتّصل (و يقال له أيضًا الموصول).

النّوع الرّابع و السّبعون (٧٤) معرفة المسند.

النّوع الخامس و السّبعون (٧٥) معرفة المعنعن و المؤنّن.

النّوع السّادس و السّبعون (٧٦) معرفة المسلسل.

النّوع السّابع و السّبعون (٧٧) معرفة الإسناد العالى.

النّوع الثّامن و السّبعون (٧٨) معرفة الإسناد النّازل.

النّوع التّاسع و السّبعون (٧٩) معرفة صدق المحدِّث و إتقانه.

النّوع الثّمانون (٨٠) معرفة مذاكرة الحديث و التّمييز بها.

النّوع الحادى و الثّمانون (٨١) معرفة المزيد فى متّصل الأسانيد.

(الفصل الثّانى فى علوم السّند من حيث الانقطاع)

النّوع الثّانى و الثّمانون (٨٢) معرفة المنقطع.

النّوع الثّالث و الثّمانون (٨٣) معرفة المرسل.

النّوع الرّابع و الثّمانون (٨٤) معرفة المعلّق.

النّوع الخامس و الثّمانون (۸۵) معرفة المعضَل.

النّوع السّادس و الثّمانون (۸۶) معرفة المدلَّس.

النّوع السّابع و الثّمانون (۸۷) معرفة المراسيل الخفيِّ إرسالها.

﴿ الباب السّادس فی العلوم المشترکة بین السّند و المتن ﴾

(الفصل الأوّل فی تفرّد الحديث)

النّوع الثّامن و الثّمانون (۸۸) معرفة الغريب من الحديث.

النّوع التّاسع و الثّمانون (۸۹) معرفة الأفراد.

(الفصل الثّانی فی تعدّد رواة الحديث مع اتفاقهم)

النّوع التّسعون (۹۰) معرفة المتواتر.

النّوع الحادی و التّسعون (۹۱) معرفة المشهور.

النّوع الثّانی و التّسعون (۹۲) معرفة المستفيض.

النّوع الثّالث و التّسعون (۹۳) معرفة العزيز.

النّوع الرّابع و التّسعون (۹۴) معرفة المتابعات.

النّوع الخامس و التّسعون (۹۵) معرفة الشّواهد.

(الفصل الثّالث فی اختلاف روايات الحديث)

النّوع السّادس و التّسعون (۹۶) معرفة زيادات الثّقات.

النّوع السّابع و التّسعون (۹۷) معرفة الشّاذ.

النّوع الثّامن و التّسعون (۹۸) معرفة المحفوظ.

النّوع التّاسع و التّسعون (۹۹) معرفة المُنْكَر.

النّوع المائة (۱۰۰) معرفة المعروف.

النّوع الأول بعد المائة (۱۰۱) معرفة المضطرب.

النّوع الثّانی بعد المائة (۱۰۲) معرفة المقلوب.

النّوع الثّالث بعد المائة (۱۰۳) معرفة المنقلب.

النّوع الرّابع بعد المائة (۱۰۴) معرفة المُدْرَج فی الحدیث.

النّوع الخامس بعد المائة (۱۰۵) معرفة المصحَّف من أسانید الأحادیث و متونها.

النّوع السّادس بعد المائة (۱۰۶) معرفة المحرَّف.

النّوع السّابع بعد المائة (۱۰۷) معرفة الحدیثِ المُعَلَّلِ أو المُعَلِّ.

اِس کے بعد مناسب تو یہ تھا کہ اِن انواع کی تعریفات اور ہر نوع کی اہمیت، ضرورت اور نفع، اور ہر نوع کی اجمالی اقسام اور مثالیں ذکر کی جائیں، مگر فی الحال طوالت سے بچنے کی خاطر اِن اُمور کو یہاں نظر انداز کرتے ہیں، اگر اللہ تعالیٰ کی توفیق شامل حال رہی تو آئندہ اِن تمام اُمور کو ایک مستقل تالیف میں ذکر کریں گے۔ **ان شاء اللّٰہ تعالیٰ**

علم اُصولِ حدیث وعلومِ حدیث میں علماء احناف کی تالیفات وتصنیفات

جیسا کہ بندہ نے پہلے عرض کیا ہے کہ حضرات علماء احناف کا اِس علم میں بہت بڑا حصہ ہے۔

اُصولِ فقہ کی کتابوں کے مبحث "سنّة الرّسول" میں اُصولِ حدیث کا بیان:

اُنہوں نے اِس علم میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ایک تو اُنہوں نے اُصولِ حدیث کو اُصولِ فقہ کی کتابوں کے مبحث "سنّة الرّسول" کے ضمن میں اچھی طرح بیان کیا ہے، کیونکہ اُن کے نزدیک علم اُصولِ حدیث کی غرض، صحیح وضعیف اور راجح ومرجوح کی تمیز کرنا ہے، احکام کے استنباط کے آسان ہونے اور پوری بصیرت کے ساتھ مسائل شرعیہ کے دلائل پر علم حاصل ہو جانے کے لئے۔

جیسے " الفُصول فی الأُصول " (مبحث السنّة) للامام أبی بکر أحمد بن علیّ الجصّاص الرّازیّ الحنفی، المولود سنة ۳۰۵ھ، المتوفّٰی سنة ۳۷۰ھ،

و" تقویم الأدلّة " (مبحث السنّة) لِلامام أبی زید عبداللّٰه بن عُمر بن عیسی الدّبوسی، الحنفی، المولود سنة ۳۶۹ھ تقریبًا، المتوفّٰی سنة ۴۳۰ھ و قیل سنة ۴۳۲ھ

و"کنزالوصول الٰی معرفة الأُصول " المعروف بِأُصول البَزْدَوی (مبحث السنّة) لِلامام فخرالاسلام أبی العُسْر علیّ بن محمّد بن الحسین البَزْدَوی، الحنفی، المولود سنة ۴۰۰ھ، المتوفّٰی سنة ۴۸۲ھ

و"أُصول السَّرَخْسی " (مبحث السنّة) لِلامام شمس الآئمّة محمّد بن أحمد بن سَهْل السَّرخسی، الحنفی، المتوفّٰی سنة ۴۸۳ھ

و" کشف الأسرار شرح أُصول البزدوی " لعبدالعزیز بن أحمد البخاریّ الحنفی المتوفّٰی سنة ۷۳۰ھ

و" الشّامل " شرح أُصول البزدوی لِامیر کاتب بن أمیر عمر الفارابیّ الأتقانیّ الحنفی المتوفّٰی سنة ۷۵۸ھ، اور یہ کتاب (الشّامل) اُصولِ حدیث کے بیان میں ایک وسیع ترین کتاب ہے چنانچہ اِس میں کتاب السنّة تقریباً تیرہ سو (۱۳۰۰) بڑی سائز کے صفحات پر مشتمل ہے، یہ کتاب قاہرہ میں موجود ہے اور بندہ (راقم الحروف) نے خود ۲۲/ رجب ۱۴۲۴ھ کو "الشّامل" کا مخطوطہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کی مجلس الدّعوة و التّحقیق الاسلامی کے مکتبہ میں دیکھا ہے۔

اسی طرح اُصول فقہ کی دیگر کتابوں میں بھی "سنّة الرّسول" کے ضمن میں اُصولِ حدیث اچھی طرح بیان ہوئی ہے۔

امام ابو جعفر الطحاوی کی کتب حدیث میں اُصولِ حدیث کا بیان، اور شرائط العمل بِأخبار الآحاد فی الأحکام:

اوراسی طرح الامام أبوجعفرالطّحاویّ الحنفی، المولود سنة ۲۳۹ھ، المتوفّٰی سنة ۳۲۱ھ نے اپنی کتبِ حدیث جیسے "شرح معانی الآثار" اور "مشکل الآثار" کے متعدد مواضع میں احادیثِ مبارکہ میں احناف کے اُصول و قواعد کی طرف اشارہ کیا ہے، اور بحثِ احادیث کے سلسلہ میں متونِ حدیث میں بہت سی علتوں کی طرف اشارہ بھی کیا ہے، جسے اُصولیین کی اصطلاح میں "شرائط العمل بأخبار الآحاد فی الأحکام" کہتے ہیں۔

حضرات علماء احناف کی اِس علم میں بہت سی مستقل کتابیں ترتیب وار اجزاء کی شکل میں:

دوسرا یہ کہ انہوں (حضرات علماء احناف) نے اِس علم میں بہت سی مستقل کتابیں بھی تصنیف کی ہیں، جو ہم نے ذکر کی ہیں، اُن کی تعداد ایک ہزار (۱۰۰۰) تک پہنچتی ہے اور جیسا کہ اِس سے قبل بھی

عرض کیا جا چکا ہے، اِن میں سے بہت سی کتابیں بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ہم نے جو یہ ایک ہزار کتابیں یہاں ذکر کی ہیں تو انہیں بیس (۲۰) اجزاء میں پیش کیا ہے۔ ہر ہر جزء میں پچاس، پچاس (۵۰، ۵۰) کتابیں درج ہیں اور ہر جزء کی کتابیں اُسی جزء میں اُن کے مصنفین کی تواریخِ وفات کی ترتیب پر لائی گئی ہیں۔

فنقول بسم اللّٰہ و باللّٰہ التّوفیق :

الجزء الأوّل

۱. " التّسوية بين حدّثنا و أخبرنا " لِلامام أبی جعفر احمد بن محمد بن سلامة الأزدی الطّحاویّ الحنفی، المتوفّی سنة ۳۲۱ھ

۲. " المغنی فی علم الحدیث " لِلشّیخ عمر بن بدر بن سعید الموصلیّ الحنفی، المتوفّی سنة ۶۲۲ھ

۳. " المنتخب فی علوم الحدیث " لِلامام ابن الامام أخو الامام و والد الامامین، العلّامة المحدّث الحافظ قاضی القضاة علاء الدّین أبی الحسن علیّ بن عثمان بن ابراهیم الماردینیّ المصری، الحنفی المعروف بِابن التُرکَمانی، المولود سنة ۶۸۳ھ، المتوفّی سنة ۷۵۰ھ. انہوں نے اس میں ابن الصلاح کے علوم الحدیث کا اختصار کیا ہے، ابن فہد رَحِمَہُ اللّٰہُ نے " **لَحْظ الأَلحاظ**" ص۱۲۶ میں ذکر کیا ہے کہ انہوں نے اِس میں ابن الصلاح کی کتاب کا بہت اچھا اور پورا اختصار کیا ہے۔

مآخذ و مراجع جزء اول

(۱): یہ کتاب "خمس رسائل فی علوم الحدیث" کے مجموعہ میں "مکتب المطبوعات الاسلامیّة" حلب - شام سے، اور "دار البشائر الاسلامیّة" بیروت - لبنان سے پہلی بار ۱۴۲۳ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف نور محمد ثاقبؔ کے پاس موجود ہے۔

(۲): أنظر: "شوقِ حدیث" لِلشّیخ العلّامة مولانا محمّد سرفراز خان صفدر، ص ۱۳۱.

(۳): یہ کتاب "دار البشائر الاسلامیّة" بیروت - لبنان سے پہلی بار ۱۴۲۹ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہوئی ہے اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

۴۔"اِصلاح ابن الصّلاح " لِلامام الحافظ علاء الدّين أبی عبدالله مُغُلُطَای بن قِلِيج البَكْجَرِیّ المصری، الحنفی، المولود سنة ۶۸۹ھ المتوفّی سنة ۷۶۲ھ۔ یہ ابن الصلاح کے علوم الحدیث کا حاشیہ ہے۔

۵. " نظم " محاسن الاصطلاح و تضمين كتاب ابن الصّلاح لِلبُلْقِينی" تألیف الامام الأديب المحدّث زين الدّين أبی العِزّ طاهر بن الحسن بن عمر بن الحسن بن حبيب الحلبی، الحنفی، و يُعرف بِابن حبيب، المولود بعد سنة ۷۴۰ھ، المتوفّی سنة ۸۰۸ھ.

حافظ ابن حجر نے " اِنباء الغُمْر " ج۵ص۳۲۵میں فرمایا ہے کہ یہ بُلقینی کے " محاسن الاصطلاح " کا بہترین منظومہ ہے۔

۶. " المختصر الجامع لِمعرفة علوم الحديث " لِلسيّد الشّريف أبی الحسن علیّ بن محمّد بن علیّ الحُسَينیّ الجرجانیّ الحنفی المتوفّی بِشيراز سنة ۸۱۶ھ

۷. " جواهر الأُصول فی علم حديث الرّسول " لِلامام العلّامة الشّيخ أبی الفيض محمّد بن محمّد بن علیّ الفارسیّ الحنفی، المشهور بِفصيح الهروی، المتوفّی بعد رمضان سنة ۸۳۷ھ

---

(۴): أُنظر: مقدّمة "قَفْو الأَثَر فی صَفْوِ عُلُوم الأَثَر" لِلشّيخ العلّامة عبد الفتّاح أبی غُدّة، ص ۲۱.

(۵): أُنظر: مقدّمة "قَفْو الأَثَر فی صَفْوِ عُلُوم الأَثَر" ص۱۹۔

(۶): یہ کتاب "الجامع لِلامام التّرمذی" مطبوعہ "ایچ-ایم-سعید کمپنی" کراچی کی ابتدا میں درج ہے، اور "شرح أصول الحديث علی رسالة البركوی" لِداؤد القارصی کے ساتھ یکجا "دارالكتب العلميّة" بیروت-لبنان سے بھی ۱۴۲۷ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہوئی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۷): یہ کتاب "الدّار السّلفيّة" بمبئی- ہندوستان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

۸. " العالی الرّتبة شرح نظم النخبة " لِلامام المحدّث تقیّ الدّین أبی العبّاس أحمد بن محمّد بن محمّد بن حسن التّمیمیّ الشُّمُنّی، القُسْطَنْطِینیّ الأصل، الاسکندریّ المولد، ثمّ القاهری، المالکی، ثمّ الحنفی، المولود سنة ۸۰۱ھ، المتوفّی سنة ۸۷۷ھ و قیل سنة ۸۷۲ھ

۹. " القول المُبْتَکَر علٰی شرح نخبة الفکر " لِلامام المحدّث الحافظ زین الدّین أبی العدل قاسم بن قُطْلُوبُغَا الجَمَالیّ المصری، الحنفی، المولود سنة ۸۰۲ھ، المتوفّی سنة ۸۷۹ھ

۱۰. " شرح القصیدة الغرامیّة " لِلامام المحدّث الحافظ زین الدّین أبی العدل قاسم بن قُطْلُوبُغَا الحنفی، المولود سنة ۸۰۲ھ، المتوفّی سنة ۸۷۹ھ

۱۱. " حاشیة شرح ألفیة العراقی " لِلامام المحدّث العلّامة زین الدّین أبی العدل قاسم بن قُطْلُوبُغَا الجمالیّ المصری، الحنفی، المولود سنة ۸۰۲ھ، المتوفّی سنة ۸۷۹ھ

۱۲. " شرح ألفیة العراقی " لِلامام الفقیه المحدّث الأصولیّ النّحوی زین الدّین أبی محمّد عبدالرّحمٰن بن أبی بکر العینیّ الدّمشقی، الحنفی، المولود سنة ۸۳۷ھ، المتوفّی سنة ۸۹۳ھ

---

(۸): یہ کتاب "دار ابن حزم" بیروت - لبنان سے پہلی بار ۱۴۲۴ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۹): یہ کتاب "بهجة النّظر علٰی شرح نخبة الفکر" لِأبی الحسن السِّنْدی کے ہامش پر "اکادیمیّة الشّاه ولیّ اللّٰه" حیدرآباد - سندھ - پاکستان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۱۰): أنظر: "شوقِ حدیث" لِلشّیخ العلّامة مولانا محمّد سرفراز خان صفدر، ص ۱۳۰.

(۱۱): أنظر: مقدّمة "قَفْوالأثَر فی صَفْوِ عُلُوم الأثَر" لِلشّیخ العلّامة عبد الفتّاح أبی غُدّة، ص ۲۲.

(۱۲): أنظر: مقدّمة " قَفْو الأثَر فی صَفْوِ عُلُوم الأثَر " ص ۲۲، و" شوقِ حدیث " لِلشّیخ العلّامة مولانا محمّد سرفراز خان صفدر، ص ۱۳۳.

١٣. " شرح ألفية العراقى " لِلامام الفقيه الأصولى المحدّث برهان الدّين ابراهيم بن محمّد بن ابراهيم الحلبى، الحنفى، المولود بِحلب حوالى سنة ٨٦٥ھ، المتوفّى بِالقُسْطَنْطِينِيّة سنة ٩٥٦ھ

١٤. " مَنْحُ النُغْبَة علىٰ شرح النُخْبَة " لِلامام المحدّث المؤرّخ رضى الدّين أبى عبداللّٰه محمّد بن ابراهيم بن يوسف الحلبى، التّاذفى، الحنفى، الشّهير بِابن الحنبلى، المولود سنة ٩٠٨ھ، المتوفّى سنة ٩٧١ھ

١٥. " قَفْوُ الأثر فى صَفْوِ علوم الأثر " لِلامام المحدّث المؤرّخ رضىّ الدّين أبى عبداللّٰه محمّد بن ابراهيم بن يوسف بن عبدالرّحمٰن الحلبى، الحنفى، المعروف بِابن الحنبلى، الشّهير بِالتّاذفى، المولود سنة ٩٠٨ھ، المتوفّى سنة ٩٧١ھ

١٦. " مُلخّص شرح ألفية العراقى " لِلسيّد الشّريف مُحمّد أمين الشّهير بِأمير بادشاه البخارى، الحنفى، الفقيه الأُصولى، نزيل مكّة المكرّمة، المولود...، المتوفّى حوالى سنة ٩٨٧ھ

---

(١٣): أُنظر: مقدّمة " قَفْو الأَثَر فى صَفْوِ عُلُوم الأَثَر " ص٢٢، و" شوقِ حديث " ص ١٣٣.

(١٤): أُنظر: مقدّمة " قَفْو الأَثَر فى صَفْوِ عُلُوم الأَثَر " ص ٢٨.

(١٥): یہ کتاب پہلی بار قاہرہ- مصر سے ١٣٢٦ ہجری میں اور دوسری بار "دار البشائر الاسلامیّة "بیروت- لبنان، اور "مکتب المطبوعات الاسلامیّة "حلب- شام سے ١٤٠٨ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(١٦): أُنظر: مقدّمة "قَفْو الأَثَر فى صَفْوِ عُلُوم الأَثَر" ص ٢٢۔

۱۷. " مصطلحات أهل الأثر علٰی شرح نُخبة الفكر " لِلامام العلّامة نورالـدّين أبـی الحسن علیّ بن سلطان محمّد الهروی ثمّ المكّی، الحنفی، المشهور بِلقب العلّامة مُلّاعلیّ القاری، المولود بِهراة سنة. ..، المتوفّی بِمكّة فی شوّال سنة ۱۰۱۴ھ، دفين المعلاة.

۱۸. " اِمعان النظر بِشرح شرح نُخبة الفكر " لِلامام المحدّث القاضی محمّد أكرم بن عبدالرّحمٰن النّصَربُوریّ السِّندی ثمّ المكّی، الحنفی، المولود فـی اَوائـل القـرن الحادی عشر، المتوفّی...،

۱۹. " شرح نُخبة الفكر " لِلشّيخ اسمٰعيل حقی بن مُصـطفٰی التّركـیّ الاصـطنبولی، الحنفی، المولود سنة ۱۰۶۳ھ، المتوفّی سنة ۱۱۳۷ھ

۲۰. " بهجة النّظر شرحٌ علٰی شرح نُخبـة الفكـر " لِسـند المحـدّثين العلّامـة أبـی الحسن بن محمّد صادق بن عبدالهادی السّـندی المـدنی الحنفـی، نزيـل المدينـة المنوّرة، المتوفّی بها سنة ۱۱۳۸ھ

---

(۱۷): یہ کتاب بیروت - لبنان، اور "قدیمی کتب خانہ" آرام باغ - کراچی سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۱۸): یہ کتاب "اکادیمیّة الشّاه ولیّ اللّٰـه" حیدرآباد - سندھ - پاکستان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۱۹): أنظر: مقدّمة " قَفْو الأَثَر فی صَفْوِ عُلُوم الأَثَر " ص ۲۵.

(۲۰): یہ کتاب "اکادیمیّة الشّاه ولیّ اللّٰـه" حیدرآباد - سندھ - پاکستان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

۲۱. " نتيجة النّظر شرح نُخبة الفكر " لِلامام المحدّث المُسنِد شمس الدّين أبى عبدالله محمّد بن حسن، الحنفى، المعروف بِابن هِمّات زاده الدّمشقى، التُركَمانىّ الأصل، الشّامىّ المولد، المولود بِدمشق سنة ۱۰۹۱ھ، المتوفّى بِالقاهرة سنة ۱۱۷۵ھ

۲۲. " بُلْغَة الأريب فى مصطلح آثار الحبيب " لِلامام الحافظ المحدّث اللّغوى أبى الفيض السيّد محمّد مرتضٰى الحُسَينىّ العَلَوىّ الزَّبِيدىّ المصرى، الحنفى، شارح " القاموس " و " الإحياء "، المولود بِالهند فى بلدة بِلِجْرام سنة ۱۱۴۵ھ، المتوفّى بِمصر سنة ۱۲۰۵ھ. اِس کتاب کی تالیف کے وقت مؤلف رَحِمَہُ اللّٰہُ کی عمر اَٹھارہ(۱۸) سال تھی تو یہ اُن کی فوقیت، سمجھداری، متانتِ علمی اور مہارت کی دلیل ہے۔

۲۳. " كوثر النّبى فى أصول الحديث النّبوى " لِلشّيخ المحدّث عبدالعزيز بن أحمد بن حامد القرشىّ الفريهارىّ الملتانىّ الحنفى، صاحب " النّبراس شرح شرح العقائد "، المتوفّى فى شبابه حين جاوز ثلٰثين سنة، بعد سنة ۱۲۳۹ھ بِقليلٍ.

۲۴. " ظفر الأمانى شرح مختصر السيّد الشّريف الجرجانى فى مصطلح الحديث " لِلعلّامة مولانا محمّد عبدالحىّ اللّكنوى، المولود سنة ۱۲۶۴ھ، المتوفّى سنة ۱۳۰۴ھ

---

(۲۱): أُنظر: مقدّمة " قَفْو الأَثَر فى صَفْوِ عُلُوم الأَثَر" ص ۲۵.

(۲۲): یہ کتاب " قَفْو الأَثَر فى صَفْوِ عُلُوم الأَثَر" کے ساتھ ایک مجلد میں پہلی بار قاہرہ - مصر سے ۱۳۲۶ ہجری میں، اور دوسری بار " دار البشائر الاسلاميّة " بیروت - لبنان، اور " مكتب المطبوعات الاسلاميّة " حلب - شام سے ۱۴۰۸ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۲۳): یہ کتاب "مكتبه امداديه" ملتان - پاکستان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۲۴): یہ کتاب "الجامعة الاسلاميّة" اعظم گڈھ - ہندوستان، اور "دار ابن حزم" بیروت - لبنان سے ۱۴۱۸ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

۲۵. " الرّ فع و التّكميل فى الجرح و التعديل " لِلعلّامة مولانا محمّد عبدالحىّ اللّكنوى، المولود سنة ۱۲۶۴ھ، المتوفّى سنة ۱۳۰۴ھ

۲۶. " الأجوبة الفاضلة لِلأسئلة العشرة الكاملة " لِلعلّامة مولانا محمّد عبد الحىّ اللّكنوى، المولود سنة ۱۲۶۴ھ، المتوفّى سنة ۱۳۰۴ھ

۲۷. " عُمدة الأُصول فى حديث الرّسول " و شَرحُه " نبذة الأصول " لِلشّيخ المحدّث مولانا محمّد شاه القرشىّ الصدّيقىّ الحنفى، مدرّس مدرسة فتحفورى دهلى، المتوفّى فى شهر رمضان بعد العشرين سنة ۱۳۰۵ھ

۲۸. " اِنهاء السّكن الىٰ مَن يطالع اِعلاء السنَن " (قواعد فى علوم الحديث) لِلعلّامة المحقّق المحدّث الفقيه مولانا ظفر أحمد العثمانىّ التّهانوى، المولود سنة ۱۳۱۰ھ، المتوفّى سنة ۱۳۹۴ھ.

اِن کے علاوہ بہت سے احناف حضرات نے اُصولِ حدیث کے سلسلہ میں مختصر اور مطول کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔

---

(۲۵): یہ کتاب پہلی بار مؤلف رَحِمَہُ اللّٰہُ کی حیات میں ۱۳۰۱ ہجری میں "مطبع الأنوار المحمّديّة" لکھنؤ-ہندوستان سے، دوسری بار مؤلف رَحِمَہُ اللّٰہُ کی وفات کے بعد ۱۳۰۹ ہجری میں" المطبع العلوى" لکھنؤ-ہندوستان سے، اور پھر تقریباً ایک سو سال بعد ۱۴۰۶ ہجری میں بیروت-لبنان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۲۶): یہ کتاب پہلی بار حلب-شام سے ۱۳۸۴ ہجری میں، دوسری بار قاہرہ-مصر سے ۱۴۰۴ ہجری میں، اور تیسری بار بیروت-لبنان سے ۱۴۱۴ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۲۷): یہ کتاب "المطبع المجتبائى" ہندوستان سے ۱۲۹۷ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۲۸): یہ کتاب ایک ضخیم مجلد میں "اِعلاء السُّنَن" کی مقدمہ کے طور پر اس کے ساتھ "اِدارة القرآن و العلوم الاسلاميّة" کراچی-پاکستان سے مسلسل طبع ہو کر شائع ہوتی رہی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

اور مندرجہ ذیل وقیع مقدمات اور کتابوں میں بھی اُصولِ حدیث پر خوب روشنی ڈالی گئی ہے:

۲۹. " مقدّمة عُمدة القاری " لِلعلّامة بدرالدّین محمود بن أحمد العینیّ الحنفی، المتوفّٰی سنة ۸۵۵ھ

۳۰. " مقدّمة فی بیان بعض مصطلحات الحدیث " لِلشیخ عبدالحقّ المحدّث الدّهلوی، المتوفّی سنة ۱۰۵۲ھ

۳۱. " عُجالۂ نافعہ " (بِالفارسیّة) لِلشّاه عبدالعزیز المحدّث الدّهلوی، المتوفّی سنة ۱۲۳۹ھ

۳۲. " بُستان المحدّثین " (بِالفارسیّة) لِلشّاه عبدالعزیز المحدّث الدّهلوی، المتوفّی سنة ۱۲۳۹ھ

۳۳. " مقدّمة حاشیة البخاری " لِمولانا أحمد علیّ السّهارنفوری، المتوفّی سنة ۱۲۹۷ھ

۳۴. " مقدّمة لامع الدّراری " لِمولانا محمّد یحییٰ الکاندهلوی، المتوفّی سنة ۱۳۳۴ھ

---

(۲۹): یہ مقدمہ، "عمدة القاری شرح صحیح البخاری" کی ابتدا میں درج ہے، جو کہ اس کے ساتھ مسلسل طبع ہو کر شائع ہوتی رہی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۰): یہ کتاب، "مشکوٰة المصابیح" مطبوعہ "أصحّ المطابع و کارخانۂ تجارت کتب" دہلی- ہندوستان، اور "المطبعة العربیّة" پرانی انارکلی- لاہور- پاکستان کی ابتدا میں درج ہے۔

(۳۱): یہ کتاب "میر محمد، کتب خانہ" آرام باغ- کراچی سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۲): یہ کتاب "ایچ- ایم- سعید کمپنی" کراچی سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۳): یہ مقدمہ، "صحیح البخاری" کی ابتدا میں درج ہے، جو کہ مسلسل اس کے ساتھ طبع ہوتا رہا ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۴): یہ مقدمہ، "لامع الدّراری علی صحیح البخاری" کی ابتدا میں درج ہے، جو کہ "المکتبة الیحیویّة" سہارنپور- ہندوستان سے ۱۳۷۹ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

۳۵. " مقدّمة بذل المجهود " لِمولانا خليل أحمد السّهارنفوری، المتوفّی سنة ۱۳۴۶ھ

۳۶. " مقدّمة فتح الملهم " لِمولانا شبير أحمد العثمانی، المتوفّی سنة ۱۳۶۹ھ

۳۷. " مقدّمة نصب الرّاية " لِلعلّامة محمّد زاهد الكوثری، المتوفّی سنة ۱۳۷۲ھ

۳۸. " مقدّمه ترجمان السنّه " لِمولانا بدرعالم المدنی، المتوفّی سنة ۱۳۸۵ھ

۳۹. " عوارف المنن مقدّمة معارف السّنن " لِمحدّث العصر مولانا السيّد محمّد يوسف البنّوری، المتوفّی سنة ۱۳۹۷ھ

---

(۳۵): یہ مقدمہ، "بذل المجهود فی حلّ أبی داؤد" کی ابتدا میں درج ہے، جو کہ مسلسل اس کے ساتھ طبع ہوتا رہا ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۶): یہ مقدمہ، "فتح الملهم شرح صحيح مسلم" مطبوعہ "مدینہ پریس" بجنور-ہندوستان کی ابتدا میں درج ہے، اور مستقل طور پر ایک ضخیم مجلد میں علامہ شیخ عبد الفتاح ابوغدہ رَحِمَہُ اللّٰہ کی تحقیق کے ساتھ " مَبَادِئُ عِلمِ الحديثِ و أُصولُه " کے نام سے بیروت-لبنان سے بھی طبع ہو چکا ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۷): یہ مقدمہ، " نصب الرأية لأحاديث الهداية " کی ابتدا میں درج ہے، جو کہ "دار احياء التّراث العربی" بیروت-لبنان سے طبع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۸): یہ مقدمہ، "ترجمان السُنّة" کی ابتدا میں درج ہے، جو کہ " مکتبہ رحمانیہ " لاہور- پاکستان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۳۹): اِس مقدمہ (کتاب) کا اُردو ترجمہ، جو حضرت علامہ مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید قدس سرہ نے کیا ہے، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی کے ترجمان "ماہنامہ بینات" میں قسط وار ۱۳۹۲ ہجری کے وسط سے ۱۳۹۴ ہجری کے وسط تک شائع ہوتا رہا۔ پھر یہ مقدمہ مستقل کتابی صورت میں ۱۴۲۲ ہجری میں "بیت العلم" کراچی سے طبع ہو کر شائع ہو چکا ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

۴۰. " ماتَمَسُ اليه الحاجة لِمَن يطالع سننَ ابن ماجه " (الإمام ابن ماجه و كتابه السُّنَن) لِلعلّامة مولانا محمّد عبد الرشيد النّعمانى، المتوفّى۲۹/ربيع الثانى سنة ۱۴۲۰ھ.

علّامہ شیخ عبد الفتاح ابو غدہ الحنفی رَحِمَہُ اللّٰہُ (متوفیٰ ۱۴۱۷ھ) کی اِس فن میں تالیفات:

۴۱. " لمحات من تاريخ السنّة و علوم الحديث "

۴۲. " صفحة مُشرِقة من تاريخ سماع الحديث عند المحدّثين "

۴۳. " اُمَراءُ المؤمنين فى الحديث "

۴۴. " الإسناد من الدّين "

۴۵. " مسئلة خلق القرآن و أثرها فى صفوف الرُّواة و المحدّثين و كُتُب الجرح و التعديل "

---

(۴۰): یہ کتاب پہلی، دوسری، تیسری اور چوتھی بار پاکستان میں، پانچویں بار ۱۴۰۴ ہجری میں دوحہ - قطر میں، اور چھٹی بار ۱۴۱۹ ہجری میں بیروت - لبنان سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۱): یہ کتاب پہلی بار "مطابع دار عالَم الكتب" بیروت - لبنان سے ۱۴۰۴ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۲): یہ کتاب پہلی بار بیروت - لبنان سے ۱۴۱۲ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۳): یہ کتاب پہلی بار بیروت - لبنان، اور حلب - شام سے ۱۴۱۱ ہجری میں "جواب الحافظ عبد العظيم المنذرى عن أسئلة فى الجرح و التعديل" کے ساتھ یکجا طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۴): یہ کتاب پہلی بار بیروت - لبنان سے ۱۴۱۲ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۵): یہ رسالہ پہلی بار بیروت - لبنان سے ۱۳۹۱ ہجری میں طبع ہوا ہے اور یہ، تعلیقات "قواعد فى علوم الحديث" میں صفحہ ۳۶۱ سے ۳۸۰ تک بھی درج ہے۔ اُنظر: "اِمداد الفتّاح بِأسانيد و مَرْويّات الشّيخ عبد الفتّاح" ص۱۸۶و۱۸۷۔

۴۶. " السنّة النّبويّة و بيان مدلولها الشرعيّ، و التعريف بِحال سنن الدّارقُطنى "

۴۷. " منهج السّلف فى السّؤال عن العلم و فى تعلّم ما يقع و ما لم يقع "

وغیرہ رسائل۔

شیخ عبد الفتاح ابو غدہ الحنفی رَحِمَہُ اللّٰہُ کی تحقیقات و تعلیقات:

۴۸. " التحقيق و التعليق على الرّفع و التكميل فى الجرح و التعديل للّكنوى "

۴۹. " التحقيق و التعليق علٰى قواعد فى علوم الحديث لِمولانا ظفر أحمد العثمانى "

۵۰. " التّعليقات الحافلة على الأجوبة الفاضلة لِلّكنوى "

اور اِس کے علاوہ دیگر کتب و رسائل، جو احادیث کی اہم ابحاث پر مشتمل ہیں۔

---

(۴۶): یہ کتاب پہلی بار بیروت-لبنان سے ۱۴۱۲ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۷): یہ کتاب پہلی بار بیروت-لبنان سے ۱۴۱۲ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے۔ اُنظر: "اِمداد الفتّاح بِأسانيد و مَرْويّات الشّيخ عبد الفتّاح" ص ۲۰۰۔

(۴۸): یہ کتاب بیروت-لبنان سے ۱۴۰۶ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۴۹): یہ کتاب ایک ضخیم جلد میں بیروت-لبنان سے ۱۳۹۲ ہجری میں، اور اسی طرح "اِدارة القرآن والعلوم الاسلاميّة" کراچی-پاکستان سے کئی بار طبع ہو کر شائع ہوئی ہے، اور بندہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے۔

(۵۰): یہ کتاب پہلی بار حلب-شام سے ۱۳۸۴ ہجری میں، دوسری بار قاہرہ-مصر سے ۱۴۰۴ ہجری میں، اور تیسری بار بیروت-لبنان سے ۱۴۱۴ ہجری میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اور بندہ راقم الحروف نور محمد ثاقبؔ کے پاس موجود ہے۔

الجزء الثّانی

۵۱."الحُجَج الصّغیر" تألیف الامام القاضی الحافظ عیسی بن أبان بن صَدَقة، الحنفی، المتوفّٰی سنة۲۲۱ھ.

یہ احناف کی اُصولِ حدیث میں سب سے پہلی مستقل کتاب ہے، اور عیسی بن اَبان، امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ کے تلمیذ رشید اور اُن کے اَخص الخواص شاگرد ہیں۔

تو انہوں نے جو اُصول و قواعد وضع کئے ہیں وہ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ ہی سے ماخوذ ہیں کیونکہ انہوں نے فقاہت امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ سے حاصل کی اور اُنہی سے علوم میں فراغت پائی اور ہمیشہ اُن کے لازم و ملزوم رہے۔

۵۲."معجم الشّیوخ" تألیف الشّیخ الحافظ أبی الحسن عبدالباقی بن قانع بن مرزوق البغدادی الحنفی، المولود سنة۲۹۵ھ، المتوفّٰی سنة۳۵۱ھ

مآخذ و مراجع جزء دوم

